

# رائے عامہ سروے | تعلیم اور اسکول کا نظام

**75% پاکستانی والدین کا ماننا ہے کہ مہنگے اسکول عموماً بہتر تعلیم فراہم کرتے ہیں؛ اس رائے سے اتفاق کرنے والوں کی سب سے زیادہ شرح بڑی عمر کے والدین (84%)، شہری والدین (81%) اور FA یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ والدین (80%) میں سب سے دیکھنے میں آئی۔**

برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں - مہنگے اسکول عموماً بہتر تعلیم دیتے ہیں؟



Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com;
www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## تعلیم اور اسکول کا نظام

پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کا جائزہ لینے کے حوالے سے جاری ہونے والی پریس ریلیز 7

"اسکول کی فیس اور تعلیمی معیار کے بارے میں والدین کی رائے"

**75% پاکستانی والدین کا ماننا ہے کہ مہنگے اسکول عموماً بہتر تعلیم فراہم کرتے ہیں؛ اس رائے سے اتفاق کرنے والوں کی سب سے زیادہ شرح بڑی عمر کے والدین (84%)، شہری والدین (81%) اور FA یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ والدین (80%) میں سب سے دیکھنے میں آئی۔**

(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)

(اسلام آباد)، 21 اگست 2026


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستان میں ہر چار میں سے تین والدین (75%) کا خیال ہے کہ مہنگے اسکول عموماً بہتر تعلیم فراہم کرتے ہیں۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے "پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کو سمجھنے" کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی چھٹی سیریز ہے۔اس سیریز کی پچھلی پریس ریلیز "تعلیم اور کامیابی کے بارے میں خیالات" تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

اس موضوع پر تفصیلی رپورٹ گیلپ پاکستان کی ویب سائٹ پر موجود ہے، اس تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب پاکستانی والدین، جن کے بچے اس وقت اسکول میں پڑھ رہے ہیں، سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں - مہنگے اسکول عموماً بہتر تعلیم دیتے ہیں؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 41% والدین اس بات سے "مکمل طور پر متفق" نظر آئے، 34% والدین اس بات سے "کسی حد تک متفق" نظر آئے۔ اس طرح مجموعی طور پر، 75% والدین نے اس بات سے اتفاق کیا کہ مہنگے اسکول عموماً بہتر تعلیم فراہم کرتے ہیں۔دوسری جانب، 13% والدین اس بات سے "کسی حد تک غیر متفق"، جبکہ 10% والدین اس بات سے "مکمل طور پر غیر متفق" نظر آئے، 2% والدین نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔ان نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگرچہ والدین کی واضح اکثریت زیادہ مہنگے اسکولوں کو بہتر تعلیم سے جوڑتی ہے، تاہم تقریباً ہر 4 میں سے 1 والدین اس رائے سے غیر متفق نظر آتے ہیں۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں۔مہنگے اسکول عموماً بہتر تعلیم دیتے ہیں؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1415 خواتین اور مرد حضرات سے 18 مارچ 2026 تا 31 مارچ 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2±% لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**عمر کے اعتبار سے نتائج:** اس حوالے سے سب سے نمایاں فرق مختلف عمر کے والدین کے درمیان دیکھا گیا۔ 50 سال یا اس سے زیادہ عمر کے 84% والدین اس بات سے متفق نظر آئے کہ مہنگے اسکول عموماً بہتر تعلیم فراہم کرتے ہیں، جن میں 65% نے اس رائے سے مکمل اتفاق کیا۔ اس کے مقابلے میں، 30 سال سے کم عمر والدین میں اس رائے سے اتفاق کرنے والوں کی شرح صرف 55% پائی گئی، جن میں صرف 17% والدین نے اس سے مکمل اتفاق کیا۔ نوجوان والدین کی زیادہ شرح اس رائے سے اختلاف کرتی نظر آئی۔ جن میں 30 سال سے کم عمر کے 42% والدین اس سے غیر متفق نظر آئے کہ مہنگے اسکول عموماً بہتر تعلیم فراہم کرتے ہیں، جبکہ 50 سال یا اس سے زیادہ عمر کے والدین میں یہ شرح 16% رہی۔





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**دیہی–شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج:** شہری والدین میں اس رائے سے اتفاق کرنے کی شرح زیادہ رہی۔ 81% شہری والدین کا کہنا ہے کہ مہنگے اسکول عموماً بہتر تعلیم فراہم کرتے ہیں، جبکہ دیہی والدین میں یہ شرح 72% ہے۔ اس کے برعکس، دیہی والدین میں اختلاف کی شرح زیادہ دیکھنے میں آئی جن میں 25% دیہی والدین نے اس بیان سے اختلاف کیا، جبکہ شہری والدین میں یہ شرح 19% رہی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**تعلیم کے اعتبار سے نتائج**: ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ والدین میں اس رائے سے اتفاق کی شرح قدرے زیادہ ہے۔ جن میں 80% کا کہنا ہے کہ مہنگے اسکول عموماً بہتر تعلیم فراہم کرتے ہیں، جبکہ ایف اے سے کم تعلیم یافتہ والدین میں یہ شرح 75% ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

مجموعی طور پر، نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ زیادہ تر والدین زیادہ اسکول فیس کو بہتر تعلیمی معیار سے جوڑتے ہیں۔ تاہم، یہ رائے عمر کے لحاظ سے نمایاں طور پر مختلف ہے، جبکہ رہائش اور تعلیم کے لحاظ سے بھی کچھ فرق دیکھنے میں آتا ہے۔ مختلف عمر کے والدین کے درمیان واضح فرق اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ اسکول کی فیس اور تعلیمی معیار کے باہمی تعلق کے بارے میں مختلف نسلوں کی سوچ کافی مختلف ہے۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 21st August 2026**

*(4 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* **Gallup Pakistan** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)